444

آیات نمبر 47 تا 54 میں تاکید کہ قیامت کا علم صرف اللہ ہی کو ہے۔ روز قیامت مشرکین بھی اپنے جھوٹے معبودوں کو پہچاننے سے انکار کر دیں گے۔ جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اللہ ہی سے دعا کرتا ہے لیکن جب اللہ تکلیف دور کر دیتا ہے تو اسے بھلا دیتا ہے۔ ناشکر گزاروں کے لئے سخت عذاب کی وعید۔ قرآن کے حق ہونے کے بارے میں خود اللہ کی گواہی سب سے بڑی شہادت ہے

اِلَيۡهِ يُرَدُّ عِلۡمُ السَّاعَةِ ؕ قیامت کے وقوع کا علم صرف اللہ ہی کے پاس ہے

وَ مَا تَخۡرُجُ مِنۡ ثَمَرٰتٍ مِّنۡ اَكۡمَامِهَا وَ مَا تَحۡمِلُ مِنۡ اُنۡثٰى وَ لَا تَضَعُ

اِلَّا بِعِلۡمِهٖ ؕ اور کوئی پھل اپنے شگوفے سے نہیں نکلتا اور نہ کوئی مادہ حاملہ ہوتی ہے

اور نہ بچہ کو جنم دیتی ہے مگر یہ سب کچھ اس کے علم میں ہوتا ہے وَيَوۡمَ يُنَادِيۡهِمۡ

اَيۡنَ شُرَكَآءِىۡ ۙ قَالُوۡۤا اٰذَنّٰكَ ۙ مَا مِنَّا مِنۡ شَهِيۡدٍ ﴿۴۷﴾ اور جس روز وہ ان

مشرکوں کو پکار کر کہے گا کہ کہاں ہیں وہ میرے شریک؟ تو یہ جواب دیں گے کہ ہم

عرض کر چکے ہیں کہ آج ہم میں سے کوئی بھی ان شریکوں کے بارے میں گواہی

دینے والا نہیں ہے وَ ضَلَّ عَنۡهُمۡ مَّا كَانُوۡا يَدۡعُوۡنَ مِنۡ قَبۡلُ وَ ظَنُّوۡا مَا

لَهُمۡ مِّنۡ مَّحِيۡصٍ ﴿۴۸﴾ اور جن معبودوں کو یہ لوگ قیامت سے پہلے پکارا کرتے تھے

وہ سب ان کی نظروں سے غائب ہو جائیں گے اور ان کو یقین آجائے گا کہ اب ان

کے لئے فرار ہونے کی کوئی جگہ نہیں ہے لَا يَسۡـَٔمُ الۡاِنۡسَانُ مِنۡ دُعَآءِ

الۡخَيۡرِ ۫ وَ اِنۡ مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَـُٔوۡسٌ قَنُوۡطٌ ﴿۴۹﴾ انسان اپنے لئے بھلائی کی دعا

مانگنے سے کبھی نہیں تھکتا لیکن اگر اسے کوئی تکلیف پہنچ جائے تو ناامید ہو کر آس توڑ

بیٹھتا ہے وَ لَئِنۡ اَذَقۡنٰهُ رَحۡمَۃً مِّنَّا مِنۡۢ بَعۡدِ ضَرَّآءَ مَسَّتۡهُ لَیَقُوۡلَنَّ هٰذَا
لِیۡ ۙ وَ مَاۤ اَظُنُّ السَّاعَۃَ قَآئِمَۃً ۙ وَّ لَئِنۡ رُّجِعۡتُ اِلٰی رَبِّیۡۤ اِنَّ لِیۡ عِنۡدَهٗ
لَلۡحُسۡنٰی ۚ اور اگر تکلیف پہنچنے کے بعد ہم اسے اپنی کسی رحمت کا مزا چکھادیں تو کہنے
لگتا ہے کہ میں تو اس کا مستحق تھا اور میں نہیں سمجھتا کہ کبھی قیامت بھی آئے گی اور
اگر کبھی میں اپنے رب کے پاس واپس لوٹایا بھی گیا تو وہاں بھی میرے لئے بہتری ہی
ہوگی فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا بِمَا عَمِلُوۡا ۫ وَ لَنُذِیۡقَنَّهُمۡ مِّنۡ عَذَابٍ
غَلِیۡظٍ ﴿۵۰﴾ یقیناً ہم ایسے کافروں کو بتادیں گے کہ وہ کیا کرتے رہے تھے اور ہم انہیں
سخت ترین عذاب کا مزا چکھائیں گے وَ اِذَاۤ اَنۡعَمۡنَا عَلَی الۡاِنۡسَانِ اَعۡرَضَ وَ
نَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَ اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوۡ دُعَآءٍ عَرِیۡضٍ ﴿۵۱﴾ جب انسان کو ہم کوئی
نعمت عطا کرتے ہیں تو وہ منہ پھیر لیتا ہے اور اپنا پہلو بچا کر ہم سے دور ہوجاتا ہے لیکن
جب کسی مصیبت میں مبتلا ہوجاتا ہے تو لمبی چوڑی دعائیں مانگنے لگتا ہے قُلۡ
اَرَءَیۡتُمۡ اِنۡ کَانَ مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ ثُمَّ کَفَرۡتُمۡ بِهٖ مَنۡ اَضَلُّ مِمَّنۡ هُوَ فِیۡ
شِقَاقٍۭ بَعِیۡدٍ ﴿۵۲﴾ اے پیغمبر (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیۡهِ وَسَلَّمَ)! آپ ان سے فرمادیجئے کہ کیا تم نے کبھی سوچا
کہ اگر واقعی یہ قرآن اللہ ہی کی طرف سے آیا ہو اور تم اس کا انکار کرتے رہے تو اس
شخص سے بڑھ کر گمراہ اور کون ہوگا جو اس کی مخالفت میں بہت دور نکل گیا ہو
سَنُرِیۡهِمۡ اٰیٰتِنَا فِی الۡاٰفَاقِ وَ فِیۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَهُمۡ اَنَّهُ
الۡحَقُّ ؕ ہم عنقریب ان لوگوں کو اپنی قدرت کی نشانیاں دکھائیں گے، اس کائنات

میں بھی اور خود ان کی ذات کے اندر بھی، یہاں تک کہ یہ بالکل واضح ہو جائے گا کہ یہ
قرآن واقعی برحق ہے اس آیت میں کئے ہوئے وعدہ کے مطابق اللہ نے انسان کو وہ عقل و
خرد عطا کر دی ہے کہ آج انسان اپنے جسم کے اندر جھانک کر وہ کچھ دیکھ سکتا ہے جو اس سے پہلے
ممکن نہ تھا، انسانی جسم اللہ کی قدرت کا ایک شاہکار ہے۔ اسی طرح اللہ نے انسان کے لئے کائنات
کے دور دراز گوشوں تک رسائی ممکن بنا دی ہے۔ یہ سب کچھ اللہ کو پہچاننے کے لئے کافی ہے۔ اللہ
نے حجت پوری کر دی ہے، اب بھی جو شخص اللہ پر ایمان نہ لائے اور اس کی اطاعت نہ کرے،
یقیناوہ گمراہی میں بہت دور نکل گیا ہے۔ اَوَ لَمۡ یَکۡفِ بِرَبِّکَ اَنَّہٗ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ
شَہِیۡدٌ ﴿۵۳﴾ کیا یہ بات کافی نہیں کہ آپ کا رب خود ہر چیز کا شاہد ہے اَلَاۤ اِنَّہُمۡ فِیۡ
مِرۡیَۃٍ مِّنۡ لِّقَآءِ رَبِّہِمۡ ؕ اَلَاۤ اِنَّہٗ بِکُلِّ شَیۡءٍ مُّحِیۡطٌ ﴿۵۴﴾ آگاہ رہو! کہ یہ لوگ
اپنے رب کے روبرو حاضر ہونے کے بارے میں شک وشبہ میں مبتلا ہیں اور یہ بھی یاد
رکھو کہ اللہ اپنے علم وقدرت کے ذریعہ ہر چیز پر محیط ہے رکوع [۶]

[#444]

In verses 47 to 54, it is emphasized that Only Allah knows the exact timing of the Day of Judgment. On the Day of Judgment, the polytheists will deny their association with their false deities and disown them. When a person is afflicted with hardship, they pray to Allah [alone], but when Allah removes the distress, they forget Him and become heedless of His Favors. Severe punishment is warned for those who are ungrateful and disbelieve. Allah's testimony about the Quran being the ultimate truth, is the greatest evidence of its divine origin.

اِلَيۡهِ يُرَدُّ عِلۡمُ السَّاعَةِ ؕ

With Him [alone] is the knowledge of the Hour [of Doom].

وَ مَا تَخۡرُجُ مِنۡ ثَمَرٰتٍ مِّنۡ اَكۡمَامِهَا وَ مَا تَحۡمِلُ مِنۡ
اُنۡثٰى وَ لَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلۡمِهٖ ؕ

And no fruit emerges from its sheath, nor does any female conceive or give birth, except that [all of this is] within His knowledge.

وَ يَوۡمَ يُنَادِيۡهِمۡ اَيۡنَ شُرَكَآءِىۡ ۙ قَالُوۡۤا اٰذَنّٰكَ ۙ مَا مِنَّا
مِنۡ شَهِيۡدٍ ﴿ۚ۴۷﴾

And on the Day, when He shall call them [for judgement], He shall say [to the disbelievers], "Where are My partners [whom you associate with Me]?" They will respond, "We declare to You that none of us bears witness [to such associates]."

وَ ضَلَّ عَنۡهُمۡ مَّا كَانُوۡا يَدۡعُوۡنَ مِنۡ قَبۡلُ وَ ظَنُّوۡا مَا
لَهُمۡ مِّنۡ مَّحِيۡصٍ ﴿۴۸﴾

And those whom they used to invoke earlier [besides Allah] will vanish from them, and they will realize that there is no [place of] escape for them.

لَا يَسۡـَٔمُ الۡاِنۡسَانُ مِنۡ دُعَآءِ الۡخَيۡرِ ۫ وَ اِنۡ مَّسَّهُ الشَّرُّ
فَيَـُٔوۡسٌ قَنُوۡطٌ ﴿۴۹﴾

Man, is never weary of praying for good [for himself], but if adversity touches him, he becomes hopeless and despairing.

وَلَئِنۡ اَذَقۡنٰهُ رَحۡمَةً مِّنَّا مِنۡۢ بَعۡدِ ضَرَّآءَ مَسَّتۡهُ لَيَقُوۡلَنَّ
هٰذَا لِىۡ ۙ وَمَاۤ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنۡ رُّجِعۡتُ اِلٰى رَبِّىۡۤ
اِنَّ لِىۡ عِنۡدَهٗ لَلۡحُسۡنٰى ۚ

And if We let him taste mercy from Us, after an adversity has touched him, he [who disbelieve] will surely say, "This is what I deserved, and I do not think the Hour [of Doom] will ever come. But even if I am returned to my Lord, indeed, there shall be for me the best reward [awaiting] with Him."

فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِمَا عَمِلُوۡا ۙ وَلَنُذِيۡقَنَّهُمۡ
مِّنۡ عَذَابٍ غَلِيۡظٍ ﴿۵۰﴾

Indeed, We shall surely inform those who disbelieved about what they used to do, and We shall surely make them taste the severest punishment [for it].

وَ اِذَاۤ اَنۡعَمۡنَا عَلَى الۡاِنۡسَانِ اَعۡرَضَ وَ نَاٰ بِجَانِبِهٖ‌ۚ وَ اِذَا
مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوۡ دُعَآءٍ عَرِيۡضٍ ﴿۵۱﴾

When We bestow a favor upon [such a] man, he turns away and draws himself aside. But when adversity touches him, he is full of lengthy prayers.

قُلۡ اَرَءَيۡتُمۡ اِنۡ كَانَ مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ ثُمَّ كَفَرۡتُمۡ بِهٖ مَنۡ
اَضَلُّ مِمَّنۡ هُوَ فِىۡ شِقَاقٍۭ بَعِيۡدٍ ﴿۵۲﴾

[O Prophet!], say to them, "Have you ever considered that if this [Quran] is indeed from Allah and then you disbelieve in it, then who could be more astray than the one who has gone far in opposition to it?"

سَنُرِيۡهِمۡ اٰيٰتِنَا فِى الۡاٰفَاقِ وَفِىۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمۡ اَنَّهُ الۡحَقُّ ؕ

We shall soon show them Our signs in the universe and within themselves, until it becomes clear to them that this [Quran] is indeed the truth.

As per the promise in this verse, Allah has granted humans the intellect and wisdom to look inside their own bodies and observe things that were previously impossible to see. The human body is a masterpiece of Allah's power. Similarly, Allah has made it possible for humans to reach the farthest corners of the universe. All of this is sufficient to recognize Allah. Allah has presented His arguments and proof. Anyone who still does not believe in Allah and does not obey Him has indeed gone far astray into error.

اَوَلَمۡ يَكۡفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ شَهِيۡدٌ ﴿۵۳﴾

Is it not sufficient that your Lord Himself is a Witness over all things?

اَلَاۤ اِنَّهُمۡ فِىۡ مِرۡيَةٍ مِّنۡ لِّقَآءِ رَبِّهِمۡ‌ ؕ اَلَاۤ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَىۡءٍ مُّحِيۡطٌ ﴿۵۴﴾ رکوع[۶]

Most surely, they are in doubt about the [promised] meeting of their Lord [on the Day of Judgement]. Most surely [by His knowledge and power], He is, indeed, all-encompassing of all things.